اگست ۱۹۴۲ء میں قاری سیف الدین کے مکان پر ایک خاص اجتماع ہوا۔ جس میں لاہور کے مشہور عالم دین پروفیسر بشیر آفندی جو مولانا مودودی کے دوست تھے، نے بحیثیت مقرر شمولیت کی اور اپنے زریں خیالات کا اظہار کیا۔ اس طرح دعوتی کشمیر میں [illegible] بڑھتا گیا۔ جن میں خاص طور پر محمد حسین چشتی اور سید محمد شفیع ڈاب بازار قابل ذکر ہیں۔ سید محمد شفیع کی دعوت پر جماعت کے اجتماعات ان کے ہاں بھی ہونے لگے۔ اس طرح جماعت کا دوسرا سالانہ اجتماع ڈاب بازار سری نگر میں ۱۹۴۲ء میں ہوا، جس میں اسلام بحیثیت نظام زندگی، قرآن بحیثیت ضابطہ حیات نصب العین ٹھہرا کر اس کی باضابطہ ترویج و تبلیغ کے لئے تین اصول قائم کئے گئے۔ ۱۔ خدا پرستی، ۲۔ انسان دوستی، ۳۔ آخرت پسندی۔

۱۹۴۹ء میں سعد الدین کی ادارت میں ماہوار "آذان" سری نگر سے اجراء ہوا۔ اس جماعت نے وادی کشمیر میں درسگاہوں کا جال بچھایا۔ جن میں اکثر مقامات پر مسلمان بچوں کے دوش بدوش سکھوں کے بچے بھی تعلیم حاصل کرتے دیکھے گئے۔ اس کی ایک خاص وجہ یہ تھی کہ ان درسگاہوں میں اسلامی تعلیم کے ساتھ ساتھ نہ صرف مروجہ تعلیم [illegible] دی جاتی تھی۔

چل کر محض الحاق کی توثیق کریں گے۔

اس وقت تک حکومت ہند کا واضح نظریہ یہ تھا کہ ریاست سے قبائلیوں کے نکلنے کے فوراً بعد غیر جانبدار طور پر ادارہ اقوام متحدہ کی زیر نگرانی رائے شماری کرائی جائے گی۔ چاہے اس کے نتائج کچھ بھی ہوں حکومت ہند انہیں تسلیم کرنے کا پابند ہوگا۔

داستان گوئی

شیخ محمد عبداللہ نے نہ تو ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کے بیان کی تائید کی اور نہ تردید البتہ اُن کے بیانات اور تقاریر میں جو جدت اور نیا پن نکھر آیا اُس سے یہ مترشح ہونے لگا کہ شیخ محمد عبداللہ پاکستان پر ہندوستان کو ترجیح دے رہے ہیں۔ عام لوگوں کے ذہنوں میں پاکستان کے خلاف جذبۂ نفرت پیدا کرنے کے لئے وہ اور اُن کے دست راست ساتھیوں نے جھوٹے لاکھوں افسانے اور حکایتیں، پبلک جلسوں اور نجی مجلسوں میں تراشنے شروع کئے۔ اس قصہ گوئی کی ابتداء ۲۳ نومبر ۱۹۴۷ء کو شیخ محمد عبداللہ نے کشمیر چیمبر آف کامرس کے سالانہ اجلاس کے موقعہ پر اپنی تقریر میں اوڑی کے کسی بے نام گوجر سے منسوب کہانی کو ڈرامائی انداز میں دہراتے ہوئے ادا کی۔

"آتی دفعہ قبائلی ڈاکوؤں نے علاقہ بھر کی بھیڑ بکریاں، بھینس، بیل اور مرغیاں لوٹ لیں اور انہیں ذبح کرکے چٹ کرگئے۔ اس گوجر کے پاس صرف ایک بھینس رہ گئی۔ اس کا دودھ وہ ان قبائلیوں کو پلاتا رہا۔ جاتی دفعہ قبائلیوں نے اس سے مرغے کا مطالبہ کیا۔ مرغا اُس کے پاس تھا کہاں جو وہ انہیں پیش کرتا۔ انہوں نے غصے میں آکر اسی بھینس کو ہلاک کر ڈالا اور اس کی آخری پونجی سے بھی اسے محروم کیا۔"

یہ حقیقت شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ قبائلیوں نے ریاست کا رخ کرکے

عبور کرتے ہی قتل و غارت گری اور لوٹ مار کا بازار گرم رکھا۔ مگر عوامی حکومت کے بعض[1] نقیب ان قبائلیوں سے کچھ کم نہ تھے جنہوں نے امن و قانون کے نام پر عوام الناس کا جینا دوبھر کیا جس سے وادی میں دہشت گری کا دور دورہ شروع ہوا۔ اس اندرونی انتشار سے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لئے" قومی رہنماؤں" نے قبائلیوں کے لوٹ مار[2] کے افسانوں کو مبالغہ آمیز حاشیوں کے ساتھ سنانا شروع کیا۔

قطع نظر دوسرے قائدین کی گوہرفشانی کے یہاں مشتے نمونہ از خروارے مولانا مسعودی کی ایک تقریر کے اقتباس پر قناعت کی جاتی ہے۔

اپریل ۱۹۴۸ء میں مولانا مسعودی فوج اور شہری آبادی کے درمیان بحیثیت لیزان آفیسر کے کرناہ، ہندواڑہ کے علاقے میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان دنوں والہ پورہ (ہندواڑہ کے قریب ایک گاؤں) میں قبائلیوں اور ہندفوج کے درمیان گھمسان کا رن جاری تھا۔ مولانا، بریگیڈیر ہربخش سنگھ کی معیت میں اسی محاذ کے دورے پر گئے تھے جہاں مولانا کے کندھے پر گولی لگی۔ بریگیڈیر ہربخش سنگھ نے انہیں انتہائی چابکدستی سے اپنے کندھے پر اٹھایا اور فوری طبی امداد بہم پہنچائی، مولانا کئی مہینوں تک ہسپتال

---

[1] : مخلتف نظیروں کے علاوہ، اعلیٰ سرکاری عہدیداروں نے بھی سرکاری املاک کو لوٹا۔ حالانکہ مفتی رشید الدین نے گلمرگ میں محکمہ تواضع کے قالین اور دوسرا سامان لوٹ کر گھر کو سجایا جو بعد ازاں تلاشی کے دوران برآمد کیا گیا۔

[2] : ۱۳ جولائی ۱۹۵۲ء یوم شہدا کے موقع پر شیخ صاحب نے مزارِ شہدا پر تقریر کرتے کہا۔ قبائلیوں کے لوٹ مار اور قتل و غارت کے جتنے بھی واقعات ہم ماقبل کہتے رہے اُن کی تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ غیر مصدقہ اور مبالغہ آمیز تھے۔

جاء الحق وزھق الباطل   ان الباطل کان زھوقا"

غلام عباس خان اور جنرل سیکرٹری آغا شوکت علی تھیں۔ ؎

انور کاشمیری نے اپنے پہلے صداقتی فرمان میں اعلان کیا۔

"برطانوی تاج کے خاتمہ کے ساتھ ساتھ کشمیر کا مطلق حکمران مہاراجہ اُن حقوق سے محروم ہوگیا ہے جن کا اس کو معاہدہ امرتسر کے مطابق دعویٰ تھا۔ اس معاہدہ کے مطابق کشمیر کو انگریزوں نے وہاں کے موجودہ حکمران کے جد مہاراجہ گلاب سنگھ کے نام پچاس لاکھ کی حقیر رقم کے عوض منتقل کیا تھا۔ اب ریاست کے لوگوں نے ایک عارضی ری پبلکن حکومت قائم کی ہے جس کا صدر مقام مظفرآباد میں ہے۔ ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کی رات کے ایک بجے کے بعد ہری سنگھ (موجودہ حکمران) یا اس کے احکام کے ہدایات کے تحت کوئی اور شخص اس ریاست پر حکمرانی کا دعویٰ کرے گا تو اس کو عارضی حکومت کے قوانین کے مطابق سزا دی جائے گی۔ اب سے تمام قوانین احکام اور ہدایات جو عارضی حکومت کی طرف سے صادر ہوں پر عمل کیا جائے گا اور لوگوں کو ان کی مطابقت کرنا ہوگی۔"

اس اعلانی نامے کو اردو اور انگریزی میں پمفلٹوں کی صورت میں کپواڑہ، ہندواڑہ، بارہ مولہ، سوپور، اوڑی اور جموں میں ریڈیو پاکستان کے نشر کے بعد ہزاروں کی تعداد میں تقسیم کیا گیا۔ اس اعلان کے بارے میں یہ جاننا ضروری ہے کہ ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو راولپنڈی میں مری روڈ پر واقع پیرس ہوٹل میں سید نذیر حسین شاہ، مولوی غلام حیدر جنڈالوی اور غلام نبی گلکار نے نواب مشتاق اور عبدالقیوم خان کے اشارے پر ایک خصوصی میٹنگ کی جس میں طے پایا کہ جونا گڑھ کی طرز پر ایک عارضی حکومت کا قیام عمل میں لایا جائے اور اس کے لئے ایک فرضی نام کا صدر مقرر کیا جائے۔ کافی غور و خوض کے بعد طے پایا۔ غلام نبی گلکار جو انور کاشمیری

تخلص کرتے ہیں لیکن وہ غلام نبی گلکار کے نام سے ہی جانے جاتے ہیں۔ اسی غیر معروف تخلص کو صدر کے نام کے لئے استعمال کیا جائے۔ میٹنگ کے اختتام پر پیرس ہوٹل سے نکلتے ہی انہوں نے مہاراجہ ہری سنگھ کے نام ایک برقیہ میں انور کاشمیری کی طرف سے عبوری آزاد حکومت کے قیام اور ہری سنگھ کی معزولی کا پیغام بھیجا تھا۔ اب کچھ لوگ غلام نبی گلکار کے مرزائی عقیدے کی وجہ سے ہی ان کا پہلا اور عبوری صدر ہونے سے انکار کرتے ہیں۔ لارڈ برڈ ووڈ نے اپنی کتاب ٹو نیشنز اینڈ کشمیر میں بھی غلام نبی گلکار کے صدر ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ بعض لوگ غلام نبی گلکار کے مذہبی عقیدہ کی ضد میں خورشید احمد کو انور کاشمیری بتاتے ہیں گے۔ حالانکہ وہ ریاستی باشندہ تھا اور مسلم کانفرنس کا ممبر سری نگر میں تھا۔ تقریباً ایک برس تک جیل میں رہنے کے بعد غلام نبی گلکار کو بریگیڈیئر گھنسارا سنگھ گورنر گلگت کے تبادلہ میں پاکستان بھیجا گیا جہاں آپ ۱۸ جولائی ۱۹۷۳ء کی صبح کو راولپنڈی میں انتقال کر گئے۔ ان کی کابینہ میں ڈاکٹر ضیاء الاسلام، شیخ افتخار اور کچھ دوسرے اصحاب شامل تھے۔

سری نگر میں انور کاشمیری کی گرفتاری کی خبر پہنچنے کے بعد حکومت پاکستان کے سامنے یہ مسئلہ کئی دنوں تک زیر غور رہا کہ اب کس کو صدر بنایا جائے۔ پاکستانی حکومت کی یہ خواہش تھی کہ آزاد کشمیر کے صدر کے لئے ریاست جموں و کشمیر کا کوئی پڑھا لکھا معروف سیاستدان ہو۔ چنانچہ انہوں نے اس ضمن میں تین نام منتخب کئے۔ میر واعظ یوسف شاہ اور چوہدری حمید اللہ نے اس پیشکش کو قبول کرنے سے اس وجہ سے معذرت کی کیونکہ ان کے بچے اور افراد سری نگر اور جموں میں تھے۔ اس سے انہیں مصائب میں مبتلا ہونے کا خدشہ تھا۔ بالآخر قرعہ فال سردار محمد ابراہیم خان پر پڑا۔ اور بالآخر ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو ریڈیو پاکستان نے رات کے نو بجے کی خبروں میں بڑے طمطراق سے یہ خبر نشر کی کہ آزاد کشمیر میں جمہوری حکومت سردار محمد ابراہیم خان کی قیادت میں ایک آزاد اور

چل کر مکمل الحاق کی توثیق کریں گے۔

اس وقت تک حکومت ہند کا واضح نظریہ یہ تھا کہ ریاست سے قبائلیوں کے تخلیہ کے فوراً بعد غیر جانبدارانہ طور پر ادارہ اقوام متحدہ کی زیر نگرانی رائے شماری کرائی جائے گی۔ چاہے اس کے نتائج کچھ بھی ہوں حکومت ہند انہیں تسلیم کرنے کی پابند ہوگی۔

داستان گوئی

شیخ محمد عبداللہ نے نہ تو ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کے بیان کی تائید کی اور نہ تردید البتہ ان کے بیانات اور تقاریر میں جو جدت اور نیا پن نکھر آیا اس سے یہ مترشح ہونے لگا کہ شیخ محمد عبداللہ پاکستان پر ہندوستان کو ترجیح دے رہے ہیں۔ عام لوگوں کے ذہنوں میں پاکستان کے خلاف جذبۂ نفرت پیدا کرنے کے لئے وہ اور ان کے دست راست ساتھیوں نے جھوٹے لاکھوں افسانے اور حکایتیں پبلک جلسوں اور نجی مجلسوں میں تراشنے شروع کر دیئے۔ اس قصہ گوئی کی ابتداء ۲۳ نومبر ۱۹۴۷ء کو شیخ محمد عبداللہ نے شیخ چیمبر آف کامرس کے سالانہ اجلاس کے موقع پر اپنی تقریر میں اڑی کے کسی بے نام گوجر سے منسوب کہانی کو ڈرامائی انداز میں دہراتے ہوئے یوں کی:

"ایک دفعہ قبائلی ڈاکوؤں نے علاقہ بھر کی بھیڑ بکریاں، بھینسیں، بیل اور مرغیاں لوٹ لیں اور انہیں ذبح کر کے چٹ کر گئے۔ اس گوجر کے پاس صرف ایک بھینس رہ گئی۔ اس کا دودھ وہ ان قبائلیوں کو پلاتا رہا۔ جاتی دفعہ قبائلیوں نے اس سے مرغے کا مطالبہ کیا۔ مرغا اس کے پاس تھا کہاں جو وہ انہیں پیش کرتا۔ انہوں نے غصے میں آ کر اسی بھینس کو ہلاک کر ڈالا اور اس کی آخری پونجی سے بھی اسے محروم کیا۔"

یہ حقیقت شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ قبائلیوں نے ریاست میں داخل ہوکر

شروع کرتے ہی قتل و غارت گری اور لوٹ مار کا بازار گرم رکھا۔ مگر عوامی حکومت کے مختلف عہدیدار[1] ان قبائلیوں سے کچھ کم نہ تھے جنہوں نے امن و قانون کے نام پر عوام الناس کا جینا دوبھر کیا جس سے وادی میں دہشت گری کا دور دورہ شروع ہوا۔ اس اندرونی انتشار سے لوگوں کی توجہ ہٹانے کے لئے "قومی رہنماؤں" نے قبائلیوں کے لوٹ مار کے افسانوں کو مبالغہ آمیز حاشیوں کے ساتھ سنانا شروع کیا۔[2]

قطع نظر دوسرے قائدین کی گوہر فشانی کے یہاں مشتے نمونہ از خروارے مولانا مسعودی کی ایک تقریر کے اقتباس پر قناعت کی جاتی ہے۔

"اپریل ۱۹۴۸ء میں مولانا مسعودی فوج اور شہری آبادی کے درمیان بحیثیت لیزان آفیسر کے کرناہ، ہندواڑہ کے علاقے میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان دنوں والہ پورہ (ہندواڑہ کے قریب ایک گاؤں) میں قبائلیوں اور ہندفوج کے درمیان گھمسان کا رن جاری تھا۔ مولانا، بریگیڈیر بخش سنگھ کی معیت میں اسی محاذ کے دورے پر گئے تھے جہاں مولانا کے کندھے پر گولی لگی۔ بریگیڈیر بخش سنگھ نے انہیں انتہائی چابکدستی سے اپنے کندھے پر اٹھایا اور فوری طبی امداد بہم پہنچائی، مولانا کئی مہینوں تک ہسپتال

۱: مختلف عہدیداروں کے علاوہ، حتیٰ سرکاری عہدیداروں نے بھی سرکاری املاک کو لوٹا، حالانکہ مفتی ضیاء الدین نے گلمرگ میں [illegible] کے قالین اور دوسرا سامان لوٹ کر گھر پہنچایا تھا جو بعد میں خانہ تلاشی کے دوران برآمد کیا گیا۔

۲: ۱۳ جولائی ۱۹۵۲ء یوم شہداء کے موقع پر شیخ صاحب نے مزار شہداء پر تقریر کرتے ہوئے کہا: "قبائلیوں کے لوٹ مار اور قتل و غارت کے جتنے بھی واقعات ہم آج تک کہتے رہے ان کی تحقیقات کرنے پر معلوم ہوا کہ وہ غیر مصدقہ اور مبالغہ آمیز تھے۔"

جاء الحق وزهق الباطل   ان الباطل كان زهوقا"

علاقوں پر مختلف قومیں قابض ہوتی رہی ہیں۔ برعکس اس کے کشمیر جو زمانۂ قدیم سے اپنے تہذیبی، ثقافتی اور سیاسی عروج و زوال کی بدولت ایک زندہ اور مہذب قوم کا مسکن رہا ہے کے بارے میں ایسی بوندھی اور بے معنی دلیلیں دے کر بیعنامہ امرتسر کو حق بجانب قرار دینے کی کوئی بھی سعی بذات خود غلامانہ اور متعصبانہ ذہن کا شاہکار ہی کہا جا سکتا ہے لیکن مہاراجہ ہری سنگھ اور اُن کے حواریوں کو خوش کرنے کے لئے لالچی نے تاریخی واقعات کو غلط رنگ میں توڑ مروڑ کے بیان داغ ہی دیا۔

۴ جون کو ڈوگرہ فیڈریشن کے نام سے مہاراجہ ہری سنگھ کے ایماء پر جناب پرتھوی چند کالیہ کی صدارت میں ڈوگروں کا ایک جلسہ گوکل چند مارکیٹ اندرون شاہ عالمی گیٹ لاہور میں منعقد ہوا جس میں کوئٹ کشمیر تحریک کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ جلاس میں شامل ڈوگرے کو قریب ڈوگرے اس امر کا عہد کرتے ہیں کہ "وہ مہاراجہ کے پسینے کی جگہ اپنا خون بہانے کے لئے ہر وقت تیار ہیں۔" غالباً ایسے ہی لوگوں کے لئے کہا گیا ہے جنا مرتے دکھوں کو رشتہ پر جنازہ کسی کا نہیں

کوئٹ کشمیر تحریک کی حمایت

شیخ محمد عبداللہ کی تقریر کی حمایت و مخالفت میں بیرونی ریاست سے جو بے شمار بیانات آئے اُن میں پہلا حمایتی بیان علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے جموں و کشمیر سٹوڈنٹس یونین کے صدر سید میر قاسم کا تھا جس میں انہوں نے ریاستی طلباء اور ریاست کی تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل کی تھی کہ وہ فرد واحد کی طرح متحد ہو کر کوئٹ کشمیر تحریک کا ساتھ دیں۔ اس بیان کو لاہور میں بخشی غلام محمد اور غلام محمد صادق نے کافی سے زیادہ داد دی اور تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یونین کے صدر نے تمام جماعتوں اور طلباء کو نیشنل کانفرنس کے جھنڈے تلے منظم ہونے کو کہا ہے۔ چودھری غلام عباس خان نے اس پر اعتراض کیا اور کہا انہوں نے ایسا نہیں کہا ہے۔ اسی دوران سید میر قاسم علی گڑھ سے سری نگر واپس آتے ہوئے لاہور میں بخشی غلام محمد اور غلام محمد صادق سے ملے۔ جہاں بخشی صاحب اور ان کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ یہ پوچھنے پر کہ اب سری نگر پہنچ کر کس جماعت میں کام کریں گے سید میر قاسم نے کہا فی الحال میں تحریک کا ساتھ دوں گا۔ وادی میں وارد ہو کر انہوں نے اپنی سیاسی سرگرمیوں کے لئے ضلع اننت ناگ کو چن لیا۔ اور بالآخر نیشنل کانفرنس کے ہی ہو کر رہ گئے۔

غرض فرقہ کی تشدد پسندانہ کارروائی پر اظہار اطمینان کرتے مہاراجہ ہری سنگھ نے جھوٹ اور مکر و فریب کے حربوں کو تیز تر کیا۔ چنانچہ اُن کے جھوٹے پروپیگنڈے کو برف کی گیند کے مانند زر خرید اخباروں اور ٹڈی قسم کے خود ساختہ سیاسی شرپسندوں کے ذریعہ اس طرح پھیلانا شروع کیا کہ جتنا دور چلا جائے اتنی ہی برف اس پر لپٹتی جائے گی اور وہ بڑھتا جائے گا۔ یہ اور بات ہے کہ وقتی طور پر اُسے اس طرز پروپیگنڈے سے خاصہ فائدہ ہوا۔ مگر کشمیری حریت پرستوں کے سینوں میں دبی ہوئی آزادی کی آنچ نے اس برفانی گیند کو پگھلا کے ہی دم لیا۔

مہاراجہ کا ایک دوست کے نام خط

یکم جون ۱۹۴۶ء کو اپنے ایک جوہری دوست ڈاکٹر روز نقل کو جو خط مہاراجہ نے بھیجا اُسے ہری سنگھ کی ذہنی وارفتگی اور کشمکش کی عکاسی ہوتی ہے۔ خط کا متن ملاحظہ ہو:۔

"فساد کی ابتداء مقامی فتنہ انگیز خطیب عبداللہ نے کی جو

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

[illegible]

مَن تو شُدم تو مَن شُدی

کشمیری انتظامیہ کے نام پر میر مقبول گیلانی کو اوڑی کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کرکے مولانا مسعودی کے ماتحت کام کرنے کی ہدایت دی گئی[۱]۔ ۱۲ نومبر کو وزیرِاعظم پنڈت جواہر لال نہرو، مسز اندرا گاندھی اور رفیع احمد قدوائی نے شیخ محمد عبداللہ کی معیت میں بارہ مولہ کا دورہ کیا۔ واپسی پر پنڈت جواہر لال نہرو نے لال چوک سری نگر میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب کرتے اس امر کا اعلان کیا۔ جونہی ریاست جموں و کشمیر میں حالات پُرامن ہوں گے اور حملہ آوروں کا مکمل انخلاء ہوگا۔ ریاست جموں و کشمیر کے لوگوں سے استصوابِ رائے کے ذریعہ الحاق کے بارے میں دریافت کیا جائے گا۔ اس عمل میں اگر ریاست کے باشندوں نے ہند کے خلاف اپنا فیصلہ صادر کیا اُس صورت میں بھی ہندوستان اُن کی خواہش کا احترام کرے گا۔ اس تاریخی جلسے میں پنڈت جواہر لال نہرو کی اس دلیرانہ اور حقیقت افروز تقریر سے متاثر ہوکر شیخ محمد عبداللہ نے پنڈت جی کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے کر امیر خسرو کا یہ فارسی شعر پڑھا:

مَن تو شُدم تو مَن شُدی مَن تن شُدم تو جاں شُدی
تا کس نگوید بعد ازیں مَن دیگرم تو دیگری

---

[۱] ایڈمنسٹریٹر بننے کے بعد میر مقبول گیلانی نے اپنی راہ میں جن لوگوں کو ہمالیہ کی طرح سدِّراہ پایا انہیں پاکستان کا ہمدرد اور قبائلیوں کا ساتھی کہہ کر گرفتار کرنے میں بخل سے کام نہ لیا ان میں سلطان آف کھٹائی کا دلعبد خان عبدالعزیز خان، راجہ حسین خان عمو قرداف اوڑی، راجہ یوسف خان، منشی عبدالعزیز آف اوڑی۔ صمد بٹ نائبہ قابلِ ذکر ہیں۔ ان گرفتاریوں اور تشدد کارروائیوں میں ایک ہیڈ کانسٹیبل نے جس کو وہاں ہی اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدے
(باقی حاشیہ صفحہ ۲۶۲ پر)

یہ وہ دور تھا جب شیخ صاحب دلی میں سیکولرگاڈ (دیوتا) کی نظر سے دیکھے جاتے تھے چنانچہ ۱۹۴۸ء میں کئی مرتبہ تین مورتی ہاؤس میں مرکزی حکومت کے کارندوں کی بیگمات اور سیاسی دیویوں نے اُن کی آرتی اتاری اور پرشاد تقسیم کیا۔ دلی کے سیاست دانوں کے اس ٹولے کو کشمیر کے باشعور سیاسی حلقے خفیہ مجلسوں میں دبی زبان میں "انکورنیشن آف سیکولرگاڈ" کہا کرتے تھے۔ کشمیری پنڈت زمانہ قدیم سے بڑے موقع شناس واقع ہوئے ہیں حالات کے تیور دیکھ کر اُن کے رہنماؤں نے شیتل ناتھ اور کئی دوسرے مقامات پر شیخ عبداللہ کو اوتار کہہ کر اُن کی تعریف گوئی شروع کی۔ پھر جب ۱۹۵۳ء میں انہیں وزارتِ عظمیٰ سے برطرف کرکے قید کیا گیا انہیں راکشش کہنے سے بھی نہیں چوکے۔ اس قسم کی پینترہ بازی میں شیو ناراین فوطیدار نے ابن الوقتی کے سابقہ تمام ریکارڈ مات کئے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶۱ سے آگے) پر ترقی دے کر پہلے گاندربل اور لدین اوڑی بھیجا گیا تھا نے مقبول گیلانی کا بھرپور ساتھ دیا۔ بعد ازاں جب شیخ محمد عبداللہ نے اپنے سیاسی حریفوں کو نیست و نابود کرنے کے لئے سپیشل سٹاف کی ضرورت محسوس کی تو گیلانی کی سفارش پر اسی اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو ترقی دے کر سپیشل سٹاف کا انچارج مقرر کیا۔ اور یہی شخص قادر گاندربلی کے نام سے کشمیر کا ہلاکو خان بن گیا۔ قادر گاندربلی کا ظالمانہ اور تاناشاہی دور کم و بیش خواجہ غلام محمد صادق کے ابتدائی دورِ وزارت تک رہا۔ اس شخص نے بلا کسی امتیاز کے ہر اُس شہری کی تضحیک و تذلیل کی جس کے بارے میں اس کے ذہن میں بھنک اٹھی، حق و انصاف کا تصور اُس کے ہاں مفقود تھا۔ ہر جسے چاہتا پاکستان کے نام پر اپنے ظلم و ستم کا تختۂ مشق بناتا تھا۔ اس کے نرغے میں پھنسے ہوئے ناکردہ گناہ پر ہزاروں لوگوں کو جو اذیتیں دی گئیں ان میں سپیشل سٹاف کے تھیلی پر لٹا کر اُن کے سینوں پر گرم استریاں پھیرنا شامل تھا۔ اس طرزِ ستم کا شانِ نزول یہ بتایا جانے لگا۔ اس طرح سے اُن کے سینوں میں جذبۂ حبِ پاکستان کی شکن اور سلوٹیں سیدھی
(باقی حاشیہ صفحہ ۲۶۳ پر)

"پیاری رعایا" کو اُپدیش دیتے ہوئے یا برہمن رام رام یا مسلمان اللہ اللہ کا راگ الاپتے شیخ محمد عبداللہ نے وصفِ رعیادت کو رحمتِ خداوندی کے مترادف قرار دیا۔

وسط دسمبر تک نیشنل کانفرنس لیڈروں اور ورکروں نے بھی یہ اندازہ لگایا کہ اب قبائلیوں کے لئے کشمیر فتح کرنا ہنوز دلی دور است والا معاملہ بن گیا جس سے اُن کے دِلوں سے پاکستانی قبضہ کا خوف جاتا رہا۔ اس اطمینان کے بعد انہوں نے اپنا دھیان ملکی بہبود کے نام پر اُن عناصر کے انخلاء کی جانب مبذول کیا جو بقول اُن کے بحیثیت پاکستانی ففتھ کالمسٹوں کے طور پر یہاں کام کرتے رہے ہیں۔

انہوں نے اپنی کوتاہ اندیش فہم کی اُفتاد کے تحت وادی کے تقریباً تمام مخالف جماعتوں "ماسوائے کشمیری پنڈت یووک سبھا" کے سرکردہ افراد کی گرفتاری پر اپنی تمام تر بساط کو مرکوز و مجتمع کیا۔ ان گرفتاریوں کو موثر بنانے کے لئے خواجہ غلام محمد صادق کی بیٹھک واقع لال چوک امیرا کدل میں "گرفتار کمیٹی" نام کی آرگنائزیشن کا سائن بورڈ چڑھایا گیا۔ جس کا مہتمم اعلیٰ ملک غلام رسول آف کاؤی کدل اور سیکرٹری پیر محمد افضل مخدومی مقرر ہوئے۔ ہر گرفتار شدہ فرد کے لئے ان کی ہاں یا نا حرفِ آخر کی حیثیت رکھتی تھی۔ گرفتار کمیٹی نے ان گنت بے گناہوں کو جیل کی کالی کوٹھریوں میں ناکردہ گناہوں کی سزا بھگتنے پر مجبور کیا۔[1]

نیشنل کانفرنس ورکروں نے ہائی کمانڈ کے اشارے پر وادی کے تقریباً اُن تمام گھرانوں اور کنبوں پر چھاپے مارے اور تلاشیاں شروع کیں جنہیں وہ ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ اس طرح پہلے سے دہشت زدہ شہری زندگی میں خوف و

۱؎: اس قسم کی گرفتاریوں کو عملی شکل دینے میں مندرجہ ذیل کارکنوں نے نمایاں کارنامے انجام دیئے۔ بخشی عبدالرشید، پیر محمد مقبول مخدومی، محمد یوسف پرزگر، بخشی علی محمد

ہراس پھیلا کر ہل چل مچا دی۔ ان گرفتار ہونے والوں میں مولوی محمد امین (جنہیں دوبارہ گرفتار کرلیا گیا) غلام نبی گلکار، غلام نبی رینٹھو، محمد امین کلار، کسان کانفرنس کے صدر عبدالسلام تیو اور سینکڑوں دوسرے بارسوخ افراد شامل تھے۔ ان کے خلاف بلوہ، آتشزنی، تخریب کاری، حتیٰ کہ ڈکیتی تک کے فرضی الزامات لگائے گئے اور انہیں ہراساں کرنے کا آسان طریقہ ڈھونڈ نکالا گیا۔

مولوی نورالدین، عبدالغنی رینٹھو، عبدالغفار گجری، عبدالعزیز مسگر، غلام محمد زرگر، غلام احمد آہنگر، مصطفیٰ علی کے خلاف فرضی بم کیس کا مقدمہ دائر کیا گیا۔ انہیں نظر بند رکھ کر سخت اذیتیں دی گئیں جب اس سے بھی جی نہ بھرا تو ان میں سے اکثروں کو جبراً پاکستان دھکیل دیا گیا۔

پکی عمر کے کشمیری

آخر شب کے ہم سفر فیض نہ جانے کیا ہوئے
رہ گئی کس جگہ صبا، صبح کدھر نکل گئی

آئے دن دوران شہر بھر میں حکومت کی جانب سے منادی کرائی گئی کہ جو لوگ پاکستان جانا چاہتے ہیں وہ شیرگڑھی یا باغ پولیس لائنز میں حاضر ہو جائیں ایسے لوگوں کے لئے حکومت نے مناسب انتظام کر رکھا ہے۔ ان دنوں صوبہ جموں سے کٹے ہوئے مسلمان پناہ گزین کے علاوہ کوٹلی، کٹھیرا، راجوری، اوڑی، مظفرآباد

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۹۵ سے آگے) [illegible] عبدالعزیز [illegible] غلام حسین [illegible] عبدالرحمان بگجری [illegible] عبدالغفار [illegible] پنڈت [illegible] بارہمولہ [illegible] انجام دیئے۔

[illegible]

[illegible] نہیں [illegible]

[illegible] نہیں بتایا جاتا کہ کس [illegible] کے [illegible] کا فرق ہے :

[illegible] نے اپنے خط میں نہیں بتایا۔

[illegible] آپ سے شکایت کی تھی کہ [illegible] اس کے متعلق کچھ نہیں بتایا گیا ہے۔ [illegible]

کمشنر نے خود اُس کے مکان پر جا کر آواز دی اور جونہی وہ برآمدے میں آیا اُسے گولی مار کر ہلاک[1] کیا۔ عریاں سفاکی کی یہ خونریز داستان آناً فاناً سارے جموں میں پھیلی جس سے قہر آلود ماحول میں یکایک چھریوں کے کھنکنے کی جھنکار اور گولیوں کی کان پھاڑ آواز خونی بہار گانے لگی۔ اس خون آشام ماحول کو مزید آنچ دینے کے لیے "مہارانی صاحبہ" ایک کھلی کار میں جموں شہر کے سڑکوں پر چیختی چلاتی جلوہ گر ہوئی۔ "ڈوگرو! تمہاری غیرت کب تک سوئی رہے گی۔ مسلمان غلاموں نے تمہارے راج پر قبضہ کر لیا ہے۔" یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جب مہاراجہ سری نگر سے فرار ہوا۔ مہارانی نے کھلی کار میں سوار ہو کر جموں میں لوگوں کے جذبات اُبھارتے کہا: "مسلمانوں سے بدلہ لینے کے لئے ہر ہندو آمادہ ہے۔" رد عمل کے طور پر ایک سب انسپکٹر پولیس نے ریوالور نکال کر موقع پر ہی دو مسلمان گوجروں کو نشانہ بنایا۔ غرض جہاں جہاں سے مہارانی زہر فشانی کرتی گذری فسادات کی تباہ کاریوں اور خونریزی میں اضافہ ہوتا گیا۔ دراصل مہارانی کی لوڈ بھری پُرسوز آواز نے جادو کا کام کیا۔ جموں کے دور دراز علاقوں میں جہاں بھی مسلمان رہتے تھے فرقہ پرستوں کے تشدد کا شکار بنے اور جو جان بچا کر پہاڑوں اور دشوار گذار راہوں کو طے کر کے جموں پہنچنے میں کامیاب ہوئے انھیں جموں کے حدود میں گاجر مولی کی طرح کاٹ کر ٹھکانے لگایا گیا۔

یہاں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس واقعہ سے پیشتر ہی مہاراجہ پٹیالہ نے مہاراجہ ہری سنگھ کو جموں میں اپنے قیام کے دوران مشورہ دیا تھا کہ پنجاب سے آئے

---

[1] ایسا ہی ایک واقعہ سری نگر میں بھی ہوا [illegible] پولیس انسپکٹر [illegible] کے گھر جا کر اسے باہر نکالا اور برملا اس پر گولی چلائی۔

ہوئے غیر مسلم پناہ گزینوں کو مسلح کرو، تاکہ یہ آڑے وقت میں کام آسکیں۔ چنانچہ اس مشورے کے تحت میٹنگ کے اختتام پر رنجیت چند نے سرکاری اسلحہ خانوں کے بند کواڑ کھول دیے اور شرپسند[1] لوگوں میں اسلحہ تقسیم کر کے انہیں مسلح کیا جس سے مسلمانوں کے محلوں اور دیہاتوں پر منظم فائرنگ شروع ہوئی۔ شہر میں کرفیو نافذ کیا گیا۔

مقابلے میں مسلمانوں نے سیالکوٹ سے چودھری حمید اللہ کی بھیجی ہوئی چھ عدد دو بندوقیں بھی تہہ خانوں سے باہر نکالیں جنہیں چودھری حمید اللہ نے اونٹوں پر لدی ہوئی مکئی کے کانڈوں میں چھپا کر چند دن پیشتر بھیجا تھا۔ حاجی فتح[2] [illegible] ہتھیاروں سے مورچے سنبھال کر مسلمانوں نے ترکی بہ ترکی جواب دینا شروع کیا۔ مگر انہیں اپنے محصور ہونے کا احساس بُری طرح ستانے لگا۔ یہ مورچہ بندی تین دن تک قائم رہی۔

حکومت تحفظ دینے سے قاصر

چوتھے دن حکومت نے "[illegible]" سے کرنل [illegible] خان اور شیخ محمد اشرف کو طلب کیا، گاڑی میں بٹھا کر ان کے ذریعے لاؤڈ سپیکر پر منادی کروائی۔ حکومت

---

[1] اس دوران جموں سول ایڈمنسٹریشن پر آر ایس ایس نے قبضہ کیا اور اس کے لیڈر احکامات جاری کرنے لگے۔ رنجیت چند کے ایما پر تقریباً [illegible] دس ہزار رائفلیں جموں میں اور تین ہزار رائفلیں کشمیر میں راجپوت ہندوؤں میں تقسیم کی گئیں۔

[2] جنرل [illegible] خان جموں کا رہنے والا تھا اور اس کا سگا بھائی رحمت اللہ خان [illegible] اور جموں دونوں جگہوں پر رہتا تھا ۱۹۴۷ء میں [illegible] جنرل [illegible] خان کے [illegible] چند ہتھیار [illegible] رحمت اللہ خان کے [illegible] بریگیڈیئر [illegible] آزاد کشمیر [illegible]

(باقی حاشیہ صفحہ ۳۴ پر)

۱۔ پاکستانی سرزمین کے استعمال سے گریز۔
۲۔ تمام فوجی اور دوسری سپلائی کی بندش۔
۳۔ تمام فوجی امداد جو زیادہ ... کے لئے انہیں کشیدگی قائم رکھنے میں مددگار ثابت ہو۔

[illegible]

اس خط میں حکومتِ پاکستان نے ہندوستان کے خلاف اُن الزامات کو بھی دہرایا۔ جنہیں بعد ازاں حکومتِ پاکستان نے اقوامِ متحدہ میں اپنے کیس کی بنیاد قرار دیا۔

حکومتِ ہند کا میمورنڈم

لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے مشورے کے مطابق حکومتِ ہند کی جانب سے اقوامِ متحدہ میں ہند کے مستقل نمائندے مسٹر پی۔ پی۔ پلے نے مسئلہ کشمیر کے بارے میں جو یادداشت ... [illegible] ... کو اقوامِ متحدہ میں سلامتی کونسل کے صدر کو اقوامِ متحدہ کے منشور ۳۵ کے چارٹر کے تحت پیش کی۔ وہ منشور درج ذیل ہے:

۱۔ متحدہ اقوام کے منشور کی دفعہ ۳۵ کے تحت کوئی ممبر سلامتی کونسل کو کسی صورتِ حال کی طرف توجہ دلا سکتا ہے جس کا باقی رہنا امن و امان اور تحفظ کے لئے خطرہ کا باعث ہو سکتا ہے۔ چنانچہ حملہ آوروں کو جو پاکستانی فوج نیز پاکستان ... [illegible] ... ایک ایسی ریاست کے خلاف جو ... [illegible] ... پاکستان ... [illegible] ... پاکستان اور ہندوستان کے درمیان اس وقت ایسی ہی صورتِ حال پیدا کر دی ہے ... [illegible] ... حملہ آوروں کی سرگرمیاں ... [illegible] ... حکومتِ ہند کو ... [illegible] ... پاکستان ... [illegible] ... یادداشت ... [illegible] ... پاکستان سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ

لے۔ اس وقت سلامتی کونسل ... [illegible] ... چین، فرانس، برطانیہ، امریکہ، ... شام، کینیڈا، ارجنٹینا، بیلجیم اور کولمبیا۔

ایک بڑی حد تک اسمبلی کے [illegible] عوامی وزراء کو اپنا ووٹ عوام کے
حق میں [illegible] حکومت کے حق میں دینے پر مجبور کیا جاتا ہے اور اسی وجہ
پر مشن کا [illegible] کشمیری وزارت کی رکنیت سے مستعفی
ہونا پڑا تھا۔

اس حقیقت میں شک و شبہ کرنا کہ اب ضرورت باقی نہ رہی کہ
[illegible] دوسری [illegible] سکتے [illegible] ریاستی عوام کی شوری [illegible]
بیداری کے سامنے [illegible] ایک [illegible] شاعرانہ خیال
[illegible] ایک [illegible] ڈھنگ میں تبدیلی
کرنے کے [illegible] حیثیت دے کر ریاست کی ایک
[illegible] سیاسی جماعت کو اس نظام کے تحفظ کے لئے استعمال کیا جائے۔ اگر تھوڑے
[illegible] کو اندازہ ہو کہ ان کا [illegible] بغیر وزارت
[illegible] کے ایک [illegible] حیثیت نہیں رکھتا چاہے وہ کتنی ہی
[illegible] ہو کوئی [illegible] عوامی خدمت انجام دے سکتا ہے۔
اور نہ ہی کوئی کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ اس ہم میں مرزا محمد افضل بیگ
کی ہم وزارت [illegible] حاصل ہے جنہوں نے اپنی جماعت کے [illegible] و
[illegible] اور جماعت کی ہدایت پر وزارت کی کرسی پر لات مار کر اپنی
[illegible] عقیدت کا اظہار کیا۔ بیگ صاحب کے اس ایثار و وفاداری
کی اپنوں اور بیگانوں نے خوب داد دی۔

کیبنٹ مشن

ریاست جموں و کشمیر میں مطلق العنان حکمران اور آزادی پسند رعایا کے درمیان

حقوق و پامالی کی کشمکش جاری تھی کہ برطانوی لیبر وزارت نے کیبنٹ مشن کو ہندوستان
بھیجا جس کا سرسری تذکرہ بے جا از معلومات نہ ہوگا۔

برطانوی ہند میں رقبہ کے لحاظ سے ریاست جموں و کشمیر سب سے بڑی ریاست
ہے جہاں مطلق العنان حکومت زمانے کی رفتار سے بے نیاز ہو کر اپنے گرتے ہوئے
وجود کو برقرار رکھنے کے لئے ریاستی عوام کو قدم قدم پر ٹھوکریں مار رہی ہے۔ وہاں
تاج برطانیہ جس نے دوسری عالمگیر جنگ جیت لی تھی۔ لیکن اس فتح کو حاصل کرنے
میں اس کی حالت کسی شکست خوردہ ملک سے کچھ بہتر نہ تھی۔ یہ محسوس کرنے لگی کہ
ہندوستانی قوم کو اور زیادہ دیر تک غلامی کی زنجیروں میں جکڑ رکھنے کا مطلب یہ
ہے کہ ایک ایسی جنگ کو دعوت دی جو دوسری جنگ عظیم سے بھی مہیب ثابت
ہوگی اور یہ جنگ اکیلے تاج برطانیہ کو لڑنی ہوگی جس کا انجام شکست و نامرادی
کے سوا اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ دانشمندی اور عقل سلیم کا تقاضہ ہے کہ ہندوستانی
قوم سے جو وعدے دوران جنگ کئے گئے ہیں انہیں عملی شکل دینے میں پہل کی جائے
ان دنوں برطانیہ میں مسٹر ایٹلی کی سرکردگی میں لیبر پارٹی برسر اقتدار آئی تھی۔ اس
نے ہندوستان سے کئے ہوئے وعدہ آزادی کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اپریل ۱۹۴۶ء
میں برطانوی سیکرٹری آف سٹیٹ فار انڈیا لارڈ پیتھک لارنس کی قیادت میں
ایک وفد قائدین ہند سے آزادی اور مسودہ آئین پر مذاکرات طے کرنے کے لئے
ہند بھیجا۔ اس وفد میں سر اسٹیفورڈ کرپس برطانوی وزیر خارجہ اور مسٹر اے
وی الیگزینڈر جیسے مدبر شامل تھے۔ وفد کے ممبروں نے ہندوستان کے تمام
برگزیدہ قائدین سے دہلی اور شملہ میں تبادلہ خیالات کئے اور طویل بحث و تمحیص
کے بعد اپنی رپورٹ مرتب کی جس کے نتیجہ میں ۳ جون ۱۹۴۷ء کو ہندوستان کی
آزادی کے مسودہ کا اعلان ہوا اور ۴ جون ۱۹۴۷ء کو وائسرائے نے ایک

خبر نے نیشنل کانفرنسیوں کے ہوش اُڑا دیئے۔ کیف و مستی کا سماں جاتا رہا وہ خمار ہرن ہوا جس کے بَل بوتے پر یہ پَر تولنے لگے تھے۔ نیشنل کانفرنسی حلقوں میں اضطراب انگیز ہیجان پیدا ہوا اور انہوں نے اندر ہی اندر رام چندر کاک کی حکومت سے بدلہ لینے کی ٹھان لی۔ سری نگر میں میاں احمد یار خان کی غداری اور ڈسپلن شکنی کا عوامی حلقوں میں شدید مذمت کی گئی۔ انہوں نے سرینگر شہر کے گُنڈوں کو جمع کیا۔ اُن کے گلے میں میاں احمد یار خان، نام کے پٹے حمایل کر کے ان کا جلوس نکالا گیا۔ اور شیخ محمد عبداللہ کی بلند قد و قامت والی شخصیت سے لے کر ادنیٰ نیشنل کانفرنسی تک ہر ایک نے میاں احمد یار خان کو میاں احمق یار خان کے نام سے [illegible] پانچ سال کے لئے پارٹی سے خارج کیا گیا۔ حالانکہ اس کی کوئی ضرورت نہیں تھی کیونکہ میاں صاحب پہلے ہی پارٹی چھوڑ چکے تھے۔

منصب پرستانہ غداری

میاں احمد یار خان کی اس حرکت پر اخبار "زمیندار" لاہور نے "منصب پرستانہ غداری" کے عنوان سے ایک مقالہ سپرد قلم کیا جس میں مرزا محمد افضل بیگ کے ایثار اور خودداری کی داد دیتے ہوئے میاں احمد یار خان کو [illegible] ہے۔ روزنامہ "زمیندار" کا اقتباس حسب ذیل ہے:

"مرزا محمد افضل بیگ نے وزارت کشمیر سے اس لئے مستعفی ہو [illegible] تھا کہ وزیر کو انفرادی آزادی سے محروم [illegible] ہے۔ اس خودداری اور بیدار ضمیری سے [illegible] کی تاریخ میں [illegible] باب کا اضافہ ہو گیا ہے لیکن [illegible] مرزا صاحب نے جو کرسی چھوڑ کر پھینک دی تھی۔ اُسے ان ہی کے ایک جماعتی ساتھی نے چبانا

شروع کر دیا۔ اس ساتھی کا نام میاں احمد یار ہے۔ یہ حضرت، کشمیر اسمبلی کی نیشنل کانفرنس پارٹی کے لیڈر تھے لیکن وزارت کے شوق میں اس درجہ بدحواس ہو گئے کہ جماعتی اصول اور قواعد بھی یاد نہ رہے۔ نیشنل کانفرنس نے انہیں پانچ برس کے لئے رکنیت سے محروم کر دیا ہے لیکن [illegible] ایک ایسے شخص کے لئے کب عبرت ناک ہو سکتی ہے جو وزارت ہی کو حسنات کا ذریعہ سمجھتا ہو۔"

روزنامہ زمیندار لاہور
۱۸ اپریل ۱۹۳۶

مسلم کانفرنس کے قریشی محمد یوسف نے مسلم پارک جامع مسجد میں میاں احمد یار خان کے منسٹر بننے پر وزیر اعظم رام چندر کاک پر پھبتی کستے ہوئے اُسے مبارک باد دی اور کہا کہ میاں جی کو پھنسا کر کاک جی تو آپ نگر سے بھی قابل سیاست دان ثابت ہوئے۔

تو نے جس جلوس سے ڈھالے امارت کے علم
حادثوں کا ہاتھ اس جلوس کو الٹا گیا!

استعفیٰ کی تشریح

مرزا محمد افضل بیگ کے مستعفی ہونے پر شیخ محمد عبداللہ نے ایک طویل بیان میں کہا۔ گذشتہ اٹھارہ ماہ کے عرصہ میں ہم نے صبر و استقلال کے ساتھ تجربہ حاصل کیا اور اس تجربے کی رفتار کو ہر زاویہ سے پرکھا۔ یہاں تک کہ ہم نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ جس کابینہ میں فیصلے کرنے میں غیر ذمہ دار عناصر کو بالادستی حاصل ہو، اس میں ایک عوامی وزیر کا بیٹھنا ناممکن ہے۔ چنانچہ اختلافات کی

---

۱ یعنی سازشی

کے بارے میں جو گفت گو تھی۔ دیسی ریاستوں میں رہنے والے پونے دس کروڑ عوام کے نمائندوں
نے بھی اپنے ماضی و حال کے آئینے میں ہندوستان مستقبل کے لئے باہمی صلح و مشورہ کیا
کیبنٹ مشن کے ارکان اگرچہ اصولی طور پر یہ تسلیم کر چکے ہیں کہ ریاستوں میں موجودہ نظام
ہمیشہ قائم نہیں رہ سکتا مگر اس کا اظہار کرنے میں پس و پیش کرتے رہے۔ کانگریس
اور لیگ کے لیڈر بھی یہ تسلیم کرتے ہیں اگر ہندوستان کے تیس کروڑ انسان آزاد ہوں گے
اور دیسی ریاستوں میں موجودہ پوزیشن برقرار رہی۔ اس سے نہ صرف انصاف کا خون
ہوگا بلکہ آزادی بے سود ہوگی۔ فی زمانہ اقوام عالم اس مسئلے کا گہرا مشاہدہ کر رہی ہے
کہ ہندوستان پر انگریز حاکمیت کے خاتمہ پر دیسی ریاستوں کے بارے میں ان کی پالیسی
کیا ہوگی۔ میں اہل ریاست کے سامنے پونے دس کروڑ ریاستی باشندوں کا مسئلہ پیش
کرتا ہوں۔

میری تمنا ہے کہ اگر تمام ہندوستانیوں خصوصاً ریاستی عوام کی رہنمائی کے
میں یقین اور فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ شخص کا فرض ہے کہ موجودہ صحت مند سیاسی کردار
سے دیسی ریاستوں کے باشعور اس عمل کے منتظر ہیں کہ آپ انہیں کیسے اشارہ
بتاتے ہیں اور پبلک کریں۔ اس لحاظ سے آپ پر بڑی ذمہ داری عاید ہوتی
ہے اور پونے دس کروڑ ریاستی حریت پسندوں کی نظریں آپ پر لگی ہوئی ہیں۔

میں انگریزوں کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ وہ ڈیڑھ سو سال کے بعد ہندوستان
کو آزاد کرنے پر تیار ہوئے۔ ہماری ریاست کشمیر جو راجہ گلاب سنگھ نے انگریزوں سے
شرمناک غداری کر کے پچھتر لاکھ نانک شاہی روپیوں کے عوض امرتسر کے مقام پر
ایک بیعنامہ کے تحت خریدا گیا۔ اس بیعنامہ کو ترتیب دیتے وقت کشمیریوں کی
رضامندی حاصل کی گئی تھی جو ساز و باز اور سازش ہوئی اس میں کشمیر کے چالیس لاکھ
باشندوں کا کوئی دخل ہے۔ اس شرمناک غداری کے خلاف صدائے احتجاج
بلند کرنا میری قسمت میں ہے جو راجہ گلاب سنگھ نے انگریزوں کے ساتھ کی اور جس کے
پاداش میں ہمیں غلامی کی زنجیریں پہنائی گئیں جب تک ہندوستان کا ایک ایک
بچہ زندہ ہے وہ راجہ گلاب سنگھ کی اس عیاری اور شرمناک غداری کی مذمت
کرتا رہے گا۔

یہ صحیح ہے کہ آج تک کشمیری خواب میں تھے۔ ہماری زبوں حالی پر ترس کھا کر
کئی دانشوروں اور مفکروں نے داد و فریاد کی۔ ۱۹۱۸ء میں جب لیگ آف نیشنز
میں اقوام عالم کے نمائندے جمع ہوئے تو اس موقع پر علامہ اقبالؒ نے فرمایا

باد صبا اگر بہ جنیوا گذر کنی — حرفے ز ما بہ مجلس اقوام باز گو

دہقان و کشت و جوئے و خیابان فروختند

قومے فروختند و چہ ارزاں فروختند

علامہ اقبالؒ نے یہ پیشین گوئی بھی کی ہے کہ وہ زمانہ دور نہیں جب قبروں سے
مردے کفن پھاڑ کر نکلیں گے۔ یہ ڈوگرہ راج مردہ باد کہیں گے آج ہم بیدار ہو چکے
ہیں۔ ہم راجوں مہاراجوں کی مشین چکی کا مزید شکار نہیں بن سکتے۔ ہم نے غلام
در غلام زندگی سے نجات پانے کے لئے موت کو ترجیح دینے کا تہیہ کیا ہے۔ ہماری
جنگ کھلی کتاب ہے آپ کو چاہیئے اس میں بطور رضا کار بھرتی ہو جائیں اور ساتھ ساتھ
ریلیف کمیٹیاں قائم کریں۔ جن سے ان حریت پرستوں کی مدد کی جائے جو اس جنگ
میں گولیوں وغیرہ کا شکار ہوں۔ ہمارے بچے دو پیسے کی دوائی کے لئے مرتے ہیں اور
جو لوگ ہماری کمائی کتوں اور گھوڑوں پر خرچ کرتے ہیں وہ ظالموں سے بدتر ہیں ان
کے پنجے سے نجات حاصل کرنا ہر حریت پسند انسان کا حق ہے۔

جو ہندو ڈوگرہ راج کی جے پکارتے ہیں میں ان سے کہنا چاہتا ہوں کہ ڈوگرہ
راج کی بنیاد اس شرمناک غداری پر منحصر ہے جو سو سال قبل میاں گلاب سنگھ نے ہندوستان

ہندوستان ٹال مٹول اور تردید کی پالیسی پر عمل پیرا ہو کر حقائق سے چشم پوشی کر رہا ہے۔ وزیراعظم
ہند، شیخ محمد عبداللہ کی پشت پناہی کر رہا ہے جبکہ وہ بخوبی جانتے ہیں کہ وہ ایک آلۂ کار
اور ہندو ایجنٹ ہے جو مسلمانوں کے حصے بخرے کر رہا ہے۔

ایک اور کوشش

آج دلی میں پنڈت جواہر لال نہرو نے پارلیمنٹ میں ایک بیان دیا جس میں پچھلے
چار ہفتوں کے دوران تیزی سے بدلتے حالات کا تفصیل سے اعادہ کرتے کشمیر کے لوگوں
سے رائے شماری کے وعدے کو دہرایا۔

یکم دسمبر کو دہلی میں دونوں وزرائے اعظم کے مابین براہ راست گفت و شنید ہوئی
مگر اختلافات میں سرمو فرق نہ آیا۔ ۸ دسمبر کو وزیراعظم ہند پنڈت نہرو، لارڈ ماؤنٹ
بیٹن کے ساتھ جوائنٹ ڈیفنس کونسل کی میٹنگ میں شمولیت کے لئے لاہور پہنچے۔ کیونکہ
اس سے پہلے وزیراعظم پاکستان نے وزیراعظم ہند کو ایک تار کے ذریعے مسئلہ کشمیر پر فیصلہ کن
گفت و شنید کرنے کے لئے تجویز پیش کی تھی۔ اس طرح دونوں وزرائے اعظم نے لاہور میں لارڈ
ماؤنٹ بیٹن کی موجودگی میں تین بجے سے لگاتار نصف شب تک مسئلے کے مختلف پہلوؤں پر
کسی خاطر خواہ نتیجے پر پہنچنے کے لئے سر توڑ کوششیں کیں۔ پنڈت نہرو نے وزیراعظم پاکستان کے
سامنے یہ تجویز رکھی کہ پاکستان اس امر کا اعلان کرے کہ وہ اپنا تمام اثر و رسوخ وادیٔ کشمیر سے
قبائلیوں کو پیچھے ہٹانے میں استعمال کرے گا اور ایسے اقدام کئے جائیں گے جن سے قبائلیوں
کا ریاست میں دوبارہ داخلہ ناممکن بن جائے (قطع نظر اس کے کہ حکومت پاکستان نے انہیں
اپنی سرزمین سے گذرنے دیا ہے اور ان کی سرگرمیوں کا مرکز پاکستان ہی بنا رہا ہے) پنڈت
نہرو نے اپنی تجویز میں یہ بھی کہا کہ ایک پرامن ماحول بنانے کے لئے لازمی ہے کہ غلط اور جذباتی
قسم کے پروپیگنڈے کو روکا جائے۔ حالانکہ پاکستانی اخبارات ہندوستانی افواج کو دشمن

قرار دے رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ کشمیر میں رائے شماری کرانے سے قبل لڑائی بند کرنا
اور قبائلیوں کو پیچھے ہٹانا لازمی ہے۔

نوابزادہ لیاقت علی خان نے پنڈت نہرو کی اس تجویز کے جواب میں کہا میرے
لئے یہ بات آسان ہے کہ میں قبائلیوں کو پیچھے ہٹنے کی اپیل کروں۔ البتہ اگر انہوں نے
اس اپیل کو خاطر میں نہ لایا تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ دونوں ڈومینیوں کے درمیان تعلقات
مزید بگڑ جائیں گے اور اس قسم کی اپیل سے پاکستان کی موجودہ حکومت کو شدید مشکلات کا
سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ جانتے ہیں کہ پاکستان کی حکومت اتنی مضبوط نہیں۔ پاکستان کے
اردو اخبارات حکومت کی ہر بات پر بُری طرح نکتہ چینی کر رہے ہیں کہ وہ آزاد کشمیر کو امداد
دینے میں ناکام رہی ہے اور اس تنقید میں اگر پاکستان کی موجودہ حکومت گر گئی تو آپ کو بھی
اندازہ ہو سکتے ہیں۔ یقیناً اس کی جگہ ایک انتہا پسند حکومت لے لیگی۔ لیاقت علی خان نے
وضاحت کیا کہ اگر قبائلیوں کو محض روکا گیا تو یہ لڑائی مول لینے کے مترادف ہو گا۔ بہتر تو
یہ ہے کہ ہندوستان اپنی تمام تر فوجیں کشمیر سے ہٹا لے اور رائے شماری کرانے سے پہلے ایک
غیر جانبدار حکومت قائم کی جائے جو شیخ محمد عبداللہ کی جگہ ریاستی انتظامیہ کو سنبھالے گی۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے اس کا جواب دیتے ہوئے کہا۔ ہندوستان کی حکومت
ریاست جموں و کشمیر سے تمام فوجوں کو نہیں نکال سکتی ہے اور بالفرض اگر ایسا کیا بھی جائے
تو ریاست پونچھ اور دوسرے مقامات بالکل قبائلیوں کے رحم و کرم پر رہیں گے جس کے نتیجے
میں افراتفری پھیل جائے گی۔ جہاں تک شیخ محمد عبداللہ کو چھوڑ کر کسی نئے انتظامیہ کا تعلق
ہے یہ ایک ایسی تجویز ہے جس پر اگر آپ بھی ذرا دھیان دیں تو خود بخود ناقابل عمل تصور کریں
گے۔ ریاست جموں و کشمیر کا ایڈمنسٹریشن قائم کرنا ہمارا کام نہیں بلکہ وہاں کے باشندوں
کا کام ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ ہم شیخ محمد عبداللہ کی جگہ کسی اور کو ایڈمنسٹریٹر مقرر کریں
پچھلے پندرہ برسوں سے شیخ محمد عبداللہ ذمہ دار نظام حکومت کے لئے جدوجہد کرتا آیا ہے

[illegible] صورت حال پیدا ہو گئی [illegible] کشمیر [illegible] گئے
[illegible] ڈوڈہ اور [illegible]
[illegible] گئے۔ [illegible]
[illegible] پیدا کیا۔ [illegible]
[illegible] مخالفت [illegible] ڈاکٹر [illegible]
[illegible] شیخ عبدالرحمان [illegible]
[illegible] تمام [illegible]
جا سکے گی [illegible]

۱۹۹۳ء میں جموں میں پرجا پریشد کا ایک خصوصی اجلاس اس غرض سے منعقد کیا گیا کہ اس جماعت کو کل ہند جن سنگھ میں مدغم کیا جائے۔ چنانچہ اس غرض کے لئے [illegible] اس اجلاس میں شرکت کرنے کے [illegible] جن سنگھ [illegible] اور شیخ عبدالرحمان کی مخالفت کے باوجود [illegible] جن سنگھ میں مدغم ہوئی۔

[illegible] کے بعد جن سنگھیوں نے شیخ عبدالرحمان [illegible] ڈوگرہ [illegible] اپنا [illegible] اور قائد تسلیم کیا۔ لیکن انہوں نے زیادہ [illegible] اور شیخ عبدالرحمان نے بھی [illegible] جب [illegible] جن سنگھ [illegible] کی حمایت [illegible]

[illegible] شیخ عبدالرحمان نے مجھے ایک ملاقات کے دوران تفصیلات بتاتے ہوئے کہا:

جن سنگھ کے اندر غیر جمہوری اور غیر مساوی قسم کے رجحانات اور [illegible] کی طرف سے بے جا مداخلت کے علاوہ [illegible] میں فساد

خصوصی [illegible] کا لیڈر [illegible]
پچھلے ڈیڑھ سال سیاسی نظم اور تحریری مشکلات میں [illegible]
ساتھیوں کی حمایت حاصل [illegible] ان کا [illegible]
نے بحران پیدا ہو گیا لیکن [illegible] جن سنگھ کے لیڈروں کی [illegible]
پارٹی کے اندر [illegible] گروپ کا فرقہ وارانہ [illegible] اور
مخالفت نے مجھے اور میرے ساتھیوں کو کافی [illegible]
جموں و کشمیر ریاست کی سیاست [illegible] فرقہ وارانہ رنگت اختیار کر گئی تھی
جس میں مسلم اکثریت کا [illegible] اور
جن سنگھ کی حمایت [illegible] ان کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے
کانگریس [illegible] کرتی رہی۔ اس لئے ریاست میں ایک نئی جماعت
کی ضرورت محسوس کی گئی۔ جو ریاست [illegible] صحیح [illegible]
رول ادا کر سکے اور فرقہ وارانہ [illegible] آنے والی نسلوں کو محفوظ
رکھ سکے۔"

لے :- شیخ عبدالرحمان پرجا پریشد کے واحد مسلمان ممبر اور لیڈر تھے۔ ان کے بارے میں یہ جاننا ضروری ہے کہ آپ نومبر ۱۹۹۰ء میں اس جماعت کے ابتدائی ممبر بنے۔ ضلع ڈوڈہ تحصیل بھدرواہ کے [illegible] گاؤں کے شیخ عبدالصمد کے بیٹے ہیں۔ ۱۹۴۷ء کے ہندو مسلم فسادات میں ان کا تمام کنبہ شہید کیا گیا۔ [illegible] بکرمی کو بھدرواہ میں فسادات پھوٹ پڑے اور اس [illegible] گاؤں کے مسلمان جان بچانے کی خاطر جنگلوں میں چھپ گئے۔ لیکن علاقہ کے [illegible] ہندوؤں کے کہنے پر یہ لوگ جنگلوں سے نکل کر گاؤں واپس آئے جہاں انہیں غیر مسلح کیا گیا اور پھر ۱۲ اسوج ۲۰۰۴ بکرمی کو ان کا قتل عام کیا گیا۔ شیخ عبدالرحمان کے کنبے کے تیرہ

(باقی حاشیہ صفحہ ۲۲۷ پر)

گے اور پھر کچھ تامل اور ہچکچاہٹ کے ساتھ حقائق کا پردہ چاک کرتے ہوئے کہنے لگے دراصل ان دنوں عوام میں [illegible] بحیثیت پریس اتاشی کے منسلک تھا یہ اسی کے دماغ کی اختراع ہے۔

یہ حقیقت شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ قبائلیوں نے کشمیر کی سرحدوں کو عبور کرتے ہی غیر مسلموں کا قتل عام کے ساتھ ساتھ بہت سے مسلمانوں کو بھی اپنے ظلم و تشدد کا نشانہ بنایا۔ اور جب یہ لوگ واپس چلے گئے تو پاکستان پنجاب میں بھی انہوں نے لوٹ مار کا سلسلہ جاری رکھا جس سے ان کے خلاف عوامی حلقوں میں شدید ردعمل کا اظہار ہوا۔ عوامی حلقوں کی شدید ناراضگی کے پیش نظر حکومت پاکستان نے انہیں واپس اپنے علاقے میں دھکیل دیا۔ پاکستان میں اگر کسی شخص کو قبائلیوں کا بہی خواہ اور ہمدرد کہا جائے تو وہ سردار محمد ابراہیم خان ہیں جو قبائلیوں کی امداد اور لشکر کشی کی آج بھی تعریفیں کرتے ہیں مگر وہ اس کے باوجود پاکستانی پنجاب میں ان کی لوٹ مار اور جبر و تشدد کا اعتراف کرتے ہوئے اسے نظر انداز کرنے کی خواہش رکھتے ہیں جس سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ قبائلیوں نے نہ صرف کشمیر کو اپنی درندگی اور بربریت کا ہدف بنایا بلکہ ان لوگوں سے بھی کوئی رعایت نہیں برتی جنہوں نے کشمیر پر لشکر کشی کی انہیں دعوت دی۔ ۱۹۵۰ء میں جب قبائلی علاقے کے با اثر افراد سے راولپنڈی میں اس وحشیانہ طریقہ کار کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے جواب میں کہا — "آپ لوگوں کی مدد کے لئے ایرانی، افغانی اور ترک نہیں آئے تھے۔ اگر ہم میں سے چند لوگ اس جرم کے مرتکب ہوئے تو کیا ہوا جنگ میں ایسا ہوتا ہی ہے — تو آئندہ اب ہم نہیں آئیں گے" حکومت آزاد کشمیر نے ۱۹۴۹ء میں ایک حکم کے ذریعہ قبائلیوں کا آزاد کشمیر میں داخلہ ممنوع قرار دیا۔

(۶)

انیمی ایجنٹس آرڈی ننیس

۱۳ جنوری ۱۹۴۸ء کو شیخ محمد عبداللہ نے سلامتی کونسل میں مسئلہ کشمیر پر بحث کے لئے ہندوستانی وفد کے ایک رکن کی حیثیت میں شامل ہو کر نیویارک روانہ ہونے سے قبل دہلی میں اخبار نویسوں کو بیان دیتے ہوئے کہا ۔ "کشمیری عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ جس ڈومینین کے ساتھ چاہیں شامل ہو سکتے ہیں اور ان کو اس حق سے کوئی بھی طاقت محروم نہیں کر سکتی۔ ہم ریفرنڈم کے حق میں ہیں۔ کشمیر کے عوام اس وقت پاکستانی حملہ آوروں کا بڑی بہادری اور جرأت سے مقابلہ کر رہے ہیں جس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ ہندوستان کے ساتھ الحاق کرنا چاہتے ہیں۔ ہندوستان کے ساتھ الحاق کرنے سے کشمیر کو کافی فائدہ ہوگا کیونکہ اقتصادی اور مالی طاقت کے لحاظ سے ہندوستان، پاکستان کی نسبت کافی مضبوط ہے۔" شیخ صاحب کے ہندوستانی وفد میں شامل ہونے کے اعلان کے ساتھ ہی آزاد کشمیر ریڈیو نے انہیں "تضحیکاً" بیری عبداللہ کے نام سے پکارنا شروع کیا۔ شیخ صاحب کے ساتھ جانکی ناتھ زتشی بحیثیت سیکرٹری گئے۔ اس

قبائلی پوری تیز رفتاری سے بھاگ رہے تھے۔ میں نے فوری طور ایک کار میں چھلانگ لگائی اور پوری تیزی سے راولپنڈی پہنچا۔ رات کے دس بج چکے تھے سیدھا آزاد کشمیر دو میل کے مقام پر قبائلی لیڈروں سے ملا۔ ان میں مُلا آف پیر بابا کی شریف اور بادشاہ گل شامل تھے۔ انہوں نے جنگ بند کرنے کی اپنی پرانی ترکیب استعمال کی اور واپس جا کر لڑنے کے لئے ۴۰ لاکھ روپے کا مطالبہ کیا۔ میں نے انہیں ایک طرف دھکیل کر قبائلیوں سے براہ راست بات کی۔"

جنرل سکندر مرزا کی تحریک زور سے بھی پاکستان کے حق میں کوئی خوشگوار تبدیلی رونما نہیں ہوئی۔ حکومت پاکستان نے حالات کی پیچیدگیوں کا اندازہ کر کے خورشید انور کو برطرف کیا اور پاکستانی افواج کی ایک خاصی تعداد کو بریگیڈیر شیر خان[1] کی کمان میں ریاستی حدود میں داخل کیا۔ جس کا اعتراف پاکستان کے وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خان نے سلامتی کونسل کمیشن برائے ہندو پاک کے سامنے کراچی میں کیا۔ جنرل اکبر خان[2] کو جنرل طارق کے نام سے ریاست میں موجود افواج کا چیف آف سٹاف مقرر کیا۔ جنرل طارق نے منتشر قبائلیوں اور بکھرے ہوئے سابق فوجیوں کو اکٹھا کر کے کئی نئے محاذ کھولے اور بے شمار پریس کانفرنسیں دیں جس سے ان کی شخصیت

---

[1] :۔ بریگیڈیر شیر خان (بعد میں جنرل) صوبہ سرحد کوہاٹ کے رہنے والے تھے۔ ۱۹۵۲ء میں ہوائی جہاز کے ایک حادثے میں جاں بحق ہوئے۔

